Gmail ٥٤٢٦ ٢٢/٢/١٦

Darul ifta Darul uloom <daruliftadaruluIoom@gmail.com>

fatwa

Syed Sherazi <sherazi313@gmail.com>
To: Darul ifta Darul uloom <daruliftadaruluIoom@gmail.com>, Darulifta-wal-Irshad Mufti <fatwa313@gmail.com>, Darulifta@jamiabinoria.net, info@deenelslam.com, Darulifta@gmail.com, Abid Jamshaid <markazharfi@gmail.com>, jamia banuri Toan <info@banuri.edu.pk>, Jamia tu rasheed karaci <admin@kulyatusharia.edu.pk>, Mufti abo Lubabah shah mansoor <bolteraqshe@gmail.com>, muftionline@hotmail.com

21 February 2013 22:43

fatwa.inp
14K

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ:

میں نے الحمدللہ بارہ تیرہ سال تک وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مدارس میں تعلیم حاصل کی، اور بڑے بڑے علمائے کرام مثلاً مولانا قاضی حمید اللہ رحمہ، مولانا زاہد الراشدی مدظلہ، مولانا عبدالقیوم ہزاروی رحمہ اللہ، وغیرہ بہت سارے علمائے کرام سے پڑھا۔ گذشتہ تقریباً دو سال سے میں تنظیم اسلامی کی تحریک رجوع الی القرآن کا حصہ ہوں، مختلف مقامات پر دروس قرآن دینے جاتا ہوں، بعض جگہوں پر پہلے وہ لوگ ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی سی ڈی لگا کر سنتے تھے اب وہاں میں خود درس قرآن دیتا ہوں، لیکن یہاں کے مقامی علماء اور تبلیغی حضرات نے مجھے کہا کہ اب تم دیوبندی نہیں ہو تم نے دوسرا مسلک اختیار کر لیا ہے، میں نے ان سے کہا کہ تنظیم اسلامی الگ مسلک کا نام نہیں بلکہ ایک تحریک ہے، اگر میں بارہ تیرہ سال دیوبند کے مدارس میں پڑھنے کے بعد محض تنظیم اسلامی میں جانے سے مسلک سے نکل گیا ہوں تو پھر تنظیم اسلامی کا جو اصل مرکز ہے لاہور میں اس کے مدرسے کے طلبہ کو تنظیم اسلامی کے اساتذہ پڑھاتے ہیں اور ان کو سند وفاق المدارس جاری کرتا ہے کیونکہ اس مدرسے کا الحاق وفاق المدارس سے ہے اور ظاہر بات ہے یہ الحاق ویسے ہی نہیں ہوا ہوگا بلکہ تحقیق کے بعد ہی ہوا ہوگا۔ مولانا زاہد الرشدی صاحب کی مسجد میں میں نے خود دو مرتبہ دیکھا ان کے ممبر پر بیٹھ کر ڈاکٹر اسرار احمد نے خطبہ جمعہ دیا، مفتی تقی عثمانی صاحب نے ان کی وفات پر دنیا نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے فرمایا کہ ڈاکٹر صاحب سے بعض موقف میں رائے کا اختلاف کیا جا سکتا ہے لیکن قرآن کی خدمات کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ خیبر پختون خواہ میں شیخ الحدیث ڈاکٹر شیر علی شاہ مدظلہ تنظیم اسلامی کے پروگرامات کی سرپرستی فرماتے رہتے ہیں۔

دار الافتاء ٥٤٢٦

آپ اس بارے میں بتائیں کہ کیا تنظیم اسلامی کوئی الگ فرقہ یا مسلک ہے؟؟

کیا میں اپنے مسلک سے نکل گیا ہوں؟؟

کیا تنظیم اسلامی ضال اور مضل تنظیم ہے؟؟

کیا تنظیم اسلامی غلط عقائد اور نظریات رکھتی ہے؟؟

یا دیگر معلومات جو آپ کے پاس ہوں؟؟

سید جنید شیرازی اسلام آباد

(جواب منسلک ہے)

00012

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً و مصلّیا

"تنظیمِ اسلامی" کا شمار فی الجملہ اہل السنّت والجماعت میں ہوتا ہے لیکن اس تنظیم کے بانی جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مرحوم نے مستند اساتذہ ومشائخ سے باقاعدہ علم دین حاصل نہیں کیا، بلکہ فہم دین کے بارے میں اپنے ذاتی مطالعہ پر اعتماد کیا ہے، اس لئے ان کی تحریرات اور تقریرات پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا، اور جو شخص تنظیم اسلامی کی تحریک "رجوع الی القرآن" کا حصہ ہو اور اس تحریک کے تحت درسِ قرآن دیتا ہو، اگر وہ قرآن پاک کا درس اکابرِ علماءِ دیوبند کی تفاسیر اور نظریات کے مطابق دے، اور تنظیم اسلامی کے بانی ڈاکٹر اسرار احمد کے ایسے نظریات، اور تحریرات اور تقریرات سے تعرّض نہ کرے، جو علماءِ دیوبند کے موقف کے خلاف ہوں، تو ایسے شخص کے درسِ قرآن میں شرکت کرنے کی گنجائش ہے، لیکن اگر وہ شخص ڈاکٹر اسرار احمد کے نظریات، اور تقریرات، تحریرات سے تعرّض کرتا ہو تو ایسے شخص کے درسِ قرآن میں شرکت کرنے سے اجتناب کرنا چاہئے، کیونکہ ایسے شخص کے بارے میں یہ احتمال یا خطرہ رہتا ہے کہ وہ خود کسی غلط راستہ پر پڑ جائے یا دوسروں کو ڈال دے، لہٰذا ان کے ہاں کورس کرنے والے اور ان کی جماعت میں شامل ہونے والے حضرات کے ساتھ دین کی تشریح اور تعبیر میں عملاً شرکت کرنا خطرے سے خالی نہیں، لہٰذا اس سے اجتناب کیا جائے۔ (ماخذہ التبویب ۹/۱۳۲۰)

صحیح مسلم (1 / 14):

عن محمد بن سيرين، قال: «إن هذا العلم دين، فانظروا عمن تأخذون دينكم»

صحیح مسلم (1 / 15):

وحدثني محمد بن عبد الله بن قهزاذ من أهل مرو، قال: سمعت عبدان بن عثمان يقول: سمعت عبد الله بن المبارك، يقول: «الإسناد من الدين، ولولا الإسناد لقال من شاء ما شاء».. واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم

محمد افنان عفی عنہ
دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی
۹ رجب ۱۴۳۴ھ
۲۰ مئی ۲۰۱۳ء

الجواب صحیح

الجواب صحیح

۹ رجب ۱۴۳۴ھ

مفتی

دار الافتاء

الجواب صحیح

۱۰/۷/۱۴۳۴ھ

سید جنید سیرانی اسلام آباد

(الجواب منسلک ہے)

JOC13

Scanned by CamScanner